DOMESTIC CRICKET SEASON 2020-21

سندھ کا انڈر 19 ون ڈے چیمپئن شپ کا کامیاب دفاع

لاہور، 2 نومبر 2020 :

قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے گئے فائنل میں دفاعی چیمپئن سندھ نے ناردرن کو 53 رنز سے ہرا کر ٹائٹل کا کامیاب دفاع کرلیا ہے۔ اسپنر عالیان محمود نے 4 وکٹیں حاصل کرکے ناردرن سے فتح چھین کر سندھ کی جھولی میں ڈال دی۔ اسپنر کو مین آف دی فائنل قرار دیا گیا۔

ایونٹ کی چیمپئن ٹیم کو دس لاکھ جبکہ رنرزاپ کو پانچ لاکھ روپے کی انعامی رقم دی گئی۔

243رنز کے تعاقب میں ناردرن کی پوری ٹیم 44.3 اوورز میں 189 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ اوپنر شعیب خان نے 71 اور عبدالفصیح نے 70 رنز بنائے۔ دونوں بلے بازوں نے دوسری وکٹ کے لیے 147 رنز کی شراکت قائم کی، جس کے بعد اسپنر عالیان محمود کی گھومتی گیندوں نے ناردرن کے مڈل آرڈر کو مکمل طورپر بے بس کردیا۔ ناردرن کے 8 کھلاڑی ڈبل فگرز میں داخل نہ ہوسکے۔

عالیان محمود نے 45 رنز کے عوض 4 وکٹیں حاصل کیں۔

اس سے قبل سندھ نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے غازی غوری اور رضوان محمود کی نصف سنچریوں کی بدولت مقررہ پچاس اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 242 رنز بنائے۔ غازی غوری 62 اور رضوان محمود 53 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

ناردرن کے فیضان سلیم اور مبصر خان نے 2،2 وکٹیں حاصل کیں۔

سندھ کے عالیان محمود کو مین آف دی فائنل قرار پانے پر 20 ہزار روپے کی انعام رقم دی گئی۔

چیمپئن شپ میں 332 رنز اور 26 وکٹیں حاصل کرنے والے ناردرن کے مبصر خان کو پلیئر آف دی ٹورنامنٹ، 524 رنز بنانے والے ناردرن کے عبدالفصیح کو ٹورنامنٹ کا بہترین بیٹسمین،سدرن پنجاب کے فیصل اکرم 27 وکٹیں حاصل کرکے بہترین باولر جبکہ کے پی کے سلمان خان کو وکٹوں کے پیچھے 21 شکار کرنے پر بہترین وکٹ کیپر قرار دیا گیا۔

ان تمام بہترین پرفارمرز کو پچاس پچاس ہزار روپے کی انعامی رقم دی گئی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

About the National U19 One-Day Tournament

- *The National One-Day Cricket Tournament 2020-21 for the teenagers will be played from 13 October to 2 November*
- *Three cities will host 31 matches at four venues, namely Country Club Ground, Muridke (8); Gaddafi Stadium, Lahore (5); LCCA Ground, Lahore (8); Rana Naveed Academy, Sheikhupura (8). Detailed schedule is here*
- *More than PKR2million are up for grabs in the tournament as the winning team will bag PKR1million and the best performers will receive PKR50,000 each*
- *Sindh will defending the title they won after defeating Balochistan by 123 runs in Sheikhupura*
- *To ensure health and safety of the players and all those involved, the tournament is played under strict Covid-19 protocols*

The tournament serves as a platform for the up and coming cricketers to impress the selectors and stake a claim in Pakistan U19 side. The six Cricket Association U19 squads are available here

HELP PREVENT CORONAVIRUS

National Team Partners

Domestic Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4